SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release
For immediate Release
September 3, 2016

## وزیر خزانہ ایس ای سی پی کے سیمینار کی صدارت کریں گے

اسلام آباد، ۳ ستمبر: ایس ای سی پی سوموار، ۵ ستمبر، کو کراچی کے ایک ہوٹل میں ڈرافٹ کمپنیز بل ۲۰۱۶ پر قومی سطح کا ایک سیمینار منعقد کر رہا ہے۔ وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار سیمینار کی صدارت کریں گے۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین ظفر حجازی، سٹیٹ بینک کے ڈپٹی گورنر سعید احمد، آئی کیپ کے صدر حافظ محمد یوسف، اور معروف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ اور آئی کیپ کے سابق صدر مسعود نقوی سامعین سے خطاب کریں گے۔ وہ کمپنیز بل کے نمایاں نکات پر روشنی ڈالیں گے اور ان تبدیلیوں پر اظہار خیال کریں گے جو اس بل کے ذریعے متعارف کرائی جا رہی ہیں۔

واضح رہے کہ یہ بل ماہرین کے ساتھ طویل مشاورت کے بعد تشکیل دیا گیا ہے۔ پارلیمنٹ سے منظوری کے بعد یہ کمپنیز آرڈیننس ۱۹۸۴ کی جگہ لے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254